## سوال

نامحرم بزرگ کا پچھونا

## جواب

بزرگوں کا مروجہ پیار دینے کا حکم اللہ تعالیٰ آپ سے راضی ہوں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اس سلسلے میں آپ کی راہنمائی درکار تھی کہ کسی نامحرم لیکن بزرگ مرد یا خاتون کا جوان مرد یا عورت کے سر یا کندھے پر ہاتھ پھیر کر دعا دینا کیسا ہے ؟ عرف عام میں پنجابی معاشروں میں جسے پیار دینا کہا جاتا ہے ۔ یہ طریقہ کار شرعا ناجائزاور حرام ہے ، کیونکہ غیر محرم خواہ بوڑھا ہی کیوں نہ ہو غیر محرم ہی ہوتا ہے ، اور شرعاًاس سے نکاح ہوسکتا ہے ۔ لہذا مروجہ پیار دینے کی بجائے ایک دوسرے کو سلام کہنے کی عادت اپنانی چاہیئے ،جس میں ثواب بھی ہے اور پیار بھی ۔ ھذا ماعندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث